حیسکو پریس ریلیز مورخہ :18.09.2026

بجلی چور ہمارا دشمن ہے، ہماری تمام تر توجہ بجلی چوروں کا مکمل خاتمہ کرنے اور نادہندگان سے 100% واجبات کی وصولی کرنا ہے، حیسکو انتظامیہ کا ڈی ایس یو کی مدد سے بجلی چوروں اور نادہندگان کے خلاف قاسم آباد ڈویزن کی سب ڈویزن ہیر آباد کے مختلف علاقے الرحمان اپارٹمنٹ، گھمن آباد، محمدی ہوٹل میں بجلی چوروں کے خلاف بلاتفریق کارروائیاں کی گئیں، 300 غیر قانونی کنکشن منقطع کئے 02 عدد ٹرانسفارمرز منقطع جبکہ واجبات کی مد میں 26 لاکھ زائد کے وصولی کی گئی۔ حیسکو ترجمان۔



حیدرآباد (پ ر) حیسکو ترجمان کے مطابق چیف ایگزیکٹو آفیسر فیض اللہ ڈاہری، سپرنٹینڈنگ انجینئر آپریشن سرکل حیدرآباد عقیل نور میمن کی ہدایت پر بجلی چوری کا مکمل خاتمہ کرنے اور نادہندگان سے 100% واجبات کی وصولی کرنا ہے، اس سلسلے میں ایکسین آپریشن ڈویزن قاسم آباد ظفر سولنگی کی نگرانی میں ایس ڈی او ہیر آباد محمد اویس کی بجلی چوروں اور نادہندگان کے خلاف ہیر آباد کے مختلف علاقوں الرحمان اپارٹمنٹ، گھمن آباد، محمدی ہوٹل میں بلاتفریق کارروائیاں کی گئیں، 300 غیر قانونی کنکشن منقطع کئے 02 عدد ٹرانسفارمرز منقطع جبکہ واجبات کی مد میں 26 لاکھ زائد کے وصولی کی گئی، واضح رہے کہ حیسکو چیف ایگزیکٹو آفیسر فیض اللہ ڈاہری کی ہدایات پر نادہندگان اور بجلی چوروں کے خلاف بلاتفریق کارروائیاں جاری ہیں واجبات کی 100 فیصد وصولی یقینی بنائیں اور صارفین اپنے ذمہ بجلی کے واجبات فوری ادا کریں بصورت دیگر بجلی منقطع کی جائے گی اور قانونی کارروائی عمل میں لاتے ہوئے صارف کی گرفتاری عمل میں لائے جائے گی اور بجلی چوری کرنے والا ملک وقوم کا مجرم ہے لہٰذا کسی بھی صورت نہیں چھوڑا جائے گا، اس کے ساتھ ساتھ مختلف سب ڈویزنوں نے اپنے اپنے علاقوں میں بلوں کی ادائیگی کے لیے اعلانات کا سلسلہ بھی جاری رکھا ہوا ہے، حیسکو انتظامیہ اپنے معزز صارفین سے اپیل کرتی ہے کہ بجلی کے بل بروقت جمع کروائیں اور اپنے ذمہ بجلی کے واجبات فوری طور پر ادا کریں بصورت دیگر رینجرز، پولیس اور حساس ادارے اس صارف کو پکڑے گے تو وہ خود اس ذمیدار ہوگا ہماری کاروائیاں بلاتفریق جاری ہیں اور بجلی چوری کے خاتمے تک جاری رہیں گے، بجلی چور ملک، قوم اور حیسکو کی ترقی میں رکاوٹ ہیں، عوام کھلی کچہریوں میں بھرپور آئیں اور اپنے جائز مسائل حل کرائیں، اسکے ساتھ عوام کو چاہیے کہ واجبات کی ادائیگی مقررہ وقت پر کی جائے تاکہ بجلی کی فراہمی میسر ہو سکے، بصورت دیگر بجلی منقطع کرنے کے علاوہ سخت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ حیسکو چیف ایگزیکٹو آفیسر فیض اللہ ڈاہری نے صارفین سے اپیل کی ہے کہ عوام بجلی چوری کرنے والوں کے خلاف حیسکو کا ساتھ دیں تاکہ اس برائی کو مکمل ختم کیا جاسکے، بجلی کے بل بروقت ادا کریں تاکہ حیسکو آپ کو مزید بجلی کی بہتر سروس فراہم کر سکے، کیونکہ حیسکو ایک کمرشل ادارہ ہے، جو بجلی کی بلوں کی ادائیگی کے بغیر اپنا نظام نہیں چلا سکتا۔ آپ کے تعاون کے متمنی حیسکو۔